**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 14 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۴؍جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ نیٹ امتحان کے اضافی نمبرات منسوخ ' متعلقہ طلباء کے سامنے دوبارہ امتحان کا متبادل

☆ مہاراشٹر سے راجیہ سبھا کے لیے سونیترا پوار کے بلا مقابلہ منتخب ہونے کی راہ ہموار

☆ ناگپور ضلعے کے پٹاخہ کارخانے میں دھماکہ ' 6؍افراد جاں بحق

☆ مراٹھا ریزرویشن کے لیے آندولن کررہے منوج جرانگے پاٹل کی بھوک ہڑتال ختم

اور

☆ ڈاکٹر باباصاحیب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 3؍ہزار سے زائد طلباء میں ڈگریاں تقسیم

اب خبریں تفصیل سے...

مرکزی حکومت نے نیٹ امتحان میں ایک ہزار 563؍طلباء کودیے گئے اضافی نمبرات منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔جس کے بعد اضافی نمبرات کی منسوخی یا دوبارہ امتحان اِس طرح کے 2؍متبادل طلباء کودیے جائیں گے۔مرکزی حکومت نے کل عدالتِ عالیہ کو یہ بات بتائی۔ حکومت نے مزید بتایا کہ آئندہ 23؍تاریخ کومنعقدہ دوبارہ امتحان کا نتیجہ 30؍تاریخ کے روز ظاہر کیا جائے گا۔اضافی نمبرات کی چھان بین کی غرض سے بنائی گئی کمیٹی کی سفارش پر حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے۔نیٹ امتحان کے تناظر میں داخلہ کے لیے کونسلنگ پر روک لگانے سے عدالت نے کل ایک بار پھر انکار کردیا۔

اِسی دوران مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے بتایا کہ نیٹ امتحان کے دوران سوالیہ پرچہ افشا ہونے یا کسی اور قسیم کی باقاعدگی نہیں ہوئی ہے۔

***** ***** *****

قومی سلامتی کے مشیر کے عہدے پر امیت ڈوول اور وزیر اعظم کے مشیر کے عہدے پر سبک دوش افسر امِت کھرے اور ترون کپور کا تقرر کیا گیا ہے۔ اِسی طرح وزیر اعظم کے پرنسپل سیکٹری عہدے پر پی کے مشرا کا تقرر کیا گیا ہے۔ مرکزی کابینہ کی سلیکشن کمیٹی نے ان تقرررات کی منظوری دی دینے کے بعد اِس خصوص میں مکتوب جاری کیا۔

***** ***** *****

اِنڈین جوڈیشیل کوڈ ، انڈین سول ڈیفنس کوڈ اور انڈین ٹیسٹی مونی کوڈ یہ 3/نئے فوجداری قوانین آئندہ یکم جولائی 2024ء سے نافذ کیے جارہے ہیں۔ ان قوانین سے متعلق تفصیلی معلومات'' این سی آر بی سنکلن آف کریمینل لاز '' نامی ایپ پر دستیاب ہے۔ یہ ایپ گوگل پلے اسٹور یا ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹرا سے راجیہ سبھا کی ایک سیٹ کے لیے ہونے والے چُناؤ کے لیے راشٹروادی کانگریس پارٹی کی رہنما سونیترا اپوار نے کل اپنے پرچہ نامزدگی داخل کیے۔ کاغذات داخل کرنے کی کل آخری تاریخ تھی۔ کل تک صرف سونیترا اپوار نے ہی اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے لہذا اُن کا انتخاب بلا مقابلہ ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔

***** ***** *****

ناگپور ضلع میں ہنگن تعلقے کے دھامن میں واقع پٹاخے بنانے والے ایک کارخانے میں کل زوردار دھماکہ ہوا۔ اِس حادثے میں 6/افراد جاں بحق اور 4/افراد شدید زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو ناگپور کے ایک خانگی ہسپتال میں شریک کیا گیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ساتھ ہی انھوں نے کہا کہ مہلوکین کے ورثاء کو وزیر اعلیٰ امدادی فنڈ سے امداد دی جائے گی۔

اِسی دوران نومنتخبہ رکن پارلیمان نتن گڈکری نے مذکورہ حادثے کے پیشِ نظر ناگپور میں منعقدہ استقبالیہ جشن منسوخ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے لیے گزشتہ 6 ر دنوں سے بھوک ہڑتال کر رہے منوج جرانگے نے کل اپنا آندولن ختم کر دیا۔ سرکاری وفد نے کل انتر والی سراٹی جا کر جرانگے سے گفت وشنید کی جس کے بعد انھوں نے یہ فیصلہ کیا۔ اِس سرکاری وفد میں چھترپتی سنبھاجی نگر کے رکن پارلیمان سندیپان بھومرے ' رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل اور وزیر شمبھوراج دیسائی شامل تھے۔ اِس وفد نے جرانگے سے حکومت کو ایک مہینے کا وقت دینے کی بات کہی۔ وفد نے کہا کہ اِس دوران جرانگے کے مطالبات سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ جس کے بعد منوج جرانگے پاٹل نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کر دی۔

***** ***** *****

میفا یعنی ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں اِس مرتبہ 21 ر مراٹھی فلمیں ' مختصر فلمیں اور ڈاکیومنٹری کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ مہوتسو کل سے شروع ہو رہا ہے۔ بین الاقوامی مقابلے میں Sarvnik Kaur کی Against the Tide نامی فلم بھی شامل ہے۔ اِسی طرح قومی مقابلے میں کئی مختصر مراٹھی فلموں کو شامل کیا گیا ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

گورنر رمیش بئیس نے کہا ہے کہ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی مراٹھواڑے کی عظیم الشان روایات کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے 64 ر ویں جلسہ تقسیم اسناد میں کل گورنر ویڈیو کانفرنسنگ کے توسط سے اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر وائس چانسلر ڈاکٹر وِجے پھولاری ' پرو وائس چانسلر ڈاکٹر والمک سرودے' رجسٹرار ڈاکٹر پر شانت امرُتکر سمیت دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ اپنی مخاطبت میں گورنر صاحب نے مزید کہا کہ بدلتے موسم کی وجہ سے مراٹھواڑے کے کاشتکار مشکلات کے شکار ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھواڑے کی سرزمین پانی کے لیے خود کفیل ہو اِس کے لیے یونیورسٹی پانی کے موضوع پر مزید زور دیں۔

تقسیم اسناد کی اِس تقریب میں 3 ر ہزار 42 ر طلباء کو گریجویشن اور 41 ر اسکالرس کو پی ایچ ڈی کی ڈگریاں عطا کی گئی۔

***** ***** *****

سلو وینیا میں منعقدہ گھڑسواری کی عالمی چیمپئن شپ بھارت کی شروتی وورا نے جیت لی ہے ۔ یہ چیمپئن شپ جیتنے والی وہ پہلی بھارتی گھڑسوار ہے۔اِس مقابلے میں شروتی 67/اعشاریہ 76/ پوائنٹ حاصل کرکے سرفہرست رہی۔

***** ***** *****

بھارتی شطرنج کھلاڑی دِویا دیشمکھ نے ورلڈ جونیئر چیس چیمپئن شپ جیت لی ہے ۔گاندھی نگر میں کھیلی گئی اِس چیمپئن شپ کے فیصلہ کُن مقابلے میں دِویا دیشمکھ نے بلغاریہ کی شطرنج کھلاڑی کو مات دے کر تاریخ رقم کی ۔

***** ***** *****

T-20/کرکٹ عالمی کپ ٹورنامنٹ میں کل انگلینڈ نے عمان کو 8/وکٹ سے شکست دی۔مقابلے میں پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے عمان کی ٹیم نے محض 47/رن بنائے تھے۔جوابی بلّے بازی میں انگلینڈ کی ٹیم نے یہ ہدف صرف 3/اوور اور ایک گیند کھیل کر حاصل کرلیا۔

اِسی ٹورنامنٹ کے دوسرے مقابلے میں کل ویسٹ انڈیز نے نیوزی لینڈ کو 13/رنو سے شکست دی اور کل ہی کھیلے گئے تیسرے مقابلے میں بانگلہ دیش نے نیدرلینڈ کو 25/رنوں سے شکست دی ۔

***** ***** *****

زیادہ قیمت پر بیج فروخت کرنے والے ہنگولی ضلعے کے اکھاڑا بالاپور کے ایک زرعی مرکز کا اجازت نامہ آئندہ 7/دنوں کے لیے معطل کردیا گیاہے۔ضلع زرعی افسر راجندر کدم نے کاشتکاروں سے اپیل کی ہے کہ زرعی ساز وسامان کے معیار یا دستیابی سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت ہونے پر وہ فوراً شعبہ زراعت سے رابطہ کریں ۔

***** ***** *****

کاشتکاروں کو فصل قرض دینے سے انکار کیا جارہاہے۔شیوسینا اُدھو باڑا صاحیب پارٹی نے یہ الزام لگاتے ہوئے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں احتجاج کیا۔ یہ احتجاج مہاراشٹر گرامین بینک کے علاقائی دفتر کے سامنے کیا گیا۔ اسمبلی میں حزب مخالف کے رہنما امباداس دانوے کی قیادت میں یہ احتجاج کیا گیا۔

***** ***** *****

بچہ مزدوری کی مذمت کے عالمی دن کی مناسبت سے ہنگولی میں کل خصوصی پروگرام رکھا گیا تھا۔ اِس موقعے پر بچوں کی خیال رکھنے اور اُن کے تحفظ پر مبنی بچہ مزدوری قانون ، بچوں کے حقوق اور اُن کا تحفظ نیز بچپن کی شادی سے متعلق قانون کی تفصیلات پیش کی گئی۔ چائلڈ پروٹیکشن آفیسر سرسوتی کورڈے نے یہ تفصیلات پیش کی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں سماجی ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے لیے ضلع پولس فورس کی جانب سے کل بیڑ میں خیر سگالی ریلی نکالی گئی تھی۔ اِس میں پولس کے اعلیٰ افسران، مختلف طبقات کے معززین اور طلباء کثیر تعداد میں شامل تھے۔

***** ***** *****

رائے گڑھ ضلعے کے علی باغ میں سیاحت کی غرض سے گیا چھترپتی سنبھاجی نگر کا ایک نوجوان سمندر میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔ اوِیناش شندے نامی یہ نوجوان آڑندی کی ایک خانگی کمپنی میں ملازمت کرتا تھا۔

***** ***** *****

ریاست کے مزید کچھ حصوں میں جنوب مغربی مانسون کے لیے ماحول سازگار ہو چکا ہے۔ پونا صدرگاہ سے موصولہ خبر کے مطابق آئندہ 2؍ دنوں میں کوکن ، وِدربھ اور وسطی مہاراشٹر سمیت مراٹھواڑہ میں بارش ہونے کی امید ہے۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ نیٹ امتحان کے اضافی نمبرات منسوخ ' متعلقہ طلباء کے سامنے دوبارہ امتحان کا متبادل

☆ ناگپور ضلعے کے پٹاخہ کارخانے میں دھماکہ ' 6 / افراد جاں بحق

☆ مراٹھا ریزرویشن کے لیے آندولن کر رہے منوج جرانگے پاٹل کی بھوک ہڑتال ختم

اور

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ نیورسٹی کے 3 / ہزار سے زائد طلباء میں ڈگریاں تقسیم

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆